تبصرے

شرکت اور مضاربت کے شرعی اصول:۔ از ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی شعبہ معاشیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت ۲/- پتہ مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی ہند دہلی ۶

فاضل مصنف چند سال سے اسلامی نظام بنک کاری کا مفصل اور واضح خاکہ مرتب کرنے میں مصروف ہیں اور ایک بڑی حد تک اس کی تکمیل بھی کر چکے ہیں، لیکن چونکہ ایسے کسی نظام کی بنیاد شرکت اور مضاربت کے شرعی اصول اور ان کے ماتحت فقہی احکام و مسائل ہی ہو سکتے ہیں اس بنا پر موصوف نے اس کتاب میں انھیں اصول کا جائزہ لیا ہے۔ اس سلسلے میں اُنھوں نے مختلف عنوانات کے ماتحت مجموعی طور پر بارہ اصول متعین کئے ہیں اور ہر ایک اصل کی تشریح اور اس کی تعیین کر کے اس پر بحث کی ہے۔ یہ بحث فقہ کے مذاہب اربعہ کے اندر دائر و سائر ہے۔ لیکن کہیں کہیں ان سے اختلاف ظاہر کر کے خود اپنی آزاد رائے بھی مدلل بیان کی ہے لیکن جو کچھ لکھا ہے وسیع مطالعہ اور عمیق غور و خوض کے بعد اور بڑے اعتدال و توازن کے ساتھ ماقل و دل عبارت میں لکھا ہے معاشیات کے طلبا کے علاوہ مدارس عربیہ کے علما اور اساتذہ کو بھی اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے

معروف و منکر:۔ از مولانا سید جلال الدین عمری تقطیع خورد ضخامت ۱۴۵ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد ۵/- پتہ مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی ہند دہلی ۶

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر ہی ... اُمّت محمدی کے خیر امت ہونے کا دار و مدار ہے اگر یہ ہے تو یہ امت خیر امت ہے۔ ورنہ نہیں ہے۔ اس بنا پر اسلام میں اس کی بڑی اہمیت ہے اس کتاب میں ہے اس پر ہی گفتگو کی گئی ہے۔ کہ معروف اور منکر کی تعریف اور حقیقت کیا